106468-شوال کے چھ روزے سوموار اور جمعرات کو رکھنے

سوال

کیا یہ صحیح ہے کہ میں سوموار اور جمعرات کے روزے کا ثواب حاصل کرنے کے لیے شوال کے چھ روزے سوموار اور جمعرت کے دن روزہ رکھ لوں ؟

پسندیدہ جواب

جی ہاں اس میں کوئی حرج نہیں، ان شاء اللہ آپ کے لیے شوال کے چھ اور سوموار اور جمعرات کے روزوں کا ثواب لکھا جائیگا.

شیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"جب یہ اتفاق ہوجائے کہ شوال کے چھ روزے سوموار اور جمعرات کے دن رکھے جائیں تو ان شاء اللہ شوال کے چھ روزوں کی نیت سے دونوں اجر حاصل ہو جانگے، یعنی شوال کے چھ اور سوموار اور جمعرت کے روزے کی نیت سے.

کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے، اور ہر آدمی کے لیے وہی ہے جو اس نے نیت کی ہو" انتہی

فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ.